**PRESS RELEASE**

For immediate release

July 7, 2025

## SECP's Adjudication Division Decides 1,761 Cases in 2024-25

**Islamabad, July 07, 2025:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) remains committed to fostering a proactive compliance culture, concluding 1,761 adjudication proceedings in the financial year 2024-25. Aggregate penalties of Rs. 425 million were imposed, reflecting SECP's dedication to upholding the integrity and transparency of Pakistan's financial markets and corporate sector.

The adjudicated cases included 267 publicly listed companies, with major non-compliances involving unauthorized investments in associated companies, weak corporate governance, and financial reporting lapses. Enforcement actions were also taken against 49 Non-Banking Finance Companies (NBFCs). Additionally, SECP addressed 43 companies for non-compliance with the AML/CFT Regulatory Framework, imposing judicial penalties.

In the brokerage sector, SECP resolved 27 cases related to violations of takeover laws, issuing regulatory directives for rectification alongside penalties. The insurance sector saw 14 concluded proceedings, with penalties imposed on insurers for failing to meet reinsurance arrangements, solvency thresholds, and collateral requirements for insurance guarantees.

Extending its enforcement efforts to the unlisted segment, SECP issued 679 penalty orders for breaches of mandatory statutory requirements. In line with its goal of promoting compliance, SECP also closed 682 cases where defaults were rectified, without monetary penalties.

SECP continues to safeguard the interests of the public, minority shareholders, unitholders, policyholders, and creditors through effective enforcement of its laws. As the financial landscape evolves, SECP will further refine its regulatory strategies to ensure a fair and secure marketplace for all stakeholders.

## ایس ای سی پی کے ایڈجوڈیکیشن ڈویژن نے 2024-25 میں 1,761 کیسز کے فیصلے کیے ہیں۔

اسلام آباد، 7 جولائی: ایس ای سی پی نے مالی سال 2024-25 میں1,761 کیسز کے فیصلے کیے۔ اس دوران 42 کروڑ 50 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، تاکہ مالیاتی مارکیٹ اور کارپوریٹ سیکٹر میں شفافیت اور دیانتداری کو برقرار رکھا جا سکے۔

فیصلہ کیے گئے کیسز میں 267 پبلک لسٹڈ کمپنیاں شامل تھیں، جن میں منسلک کمپنیوں میں بغیر اجازت سرمایہ کاری  میں خلاف ورزیاں ، کمزور کارپوریٹ گورننس، اور مالیاتی رپورٹنگ کی خامیاں تھیں۔ 49 نان بینکنگ فنانس کمپنیوں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ اس کے علاوہ، اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے قوانین کی خلاف ورزی پر 43 کمپنیوں کو جرمانے کیے گئے۔

بروکریج سیکٹر میں، ایس ای سی پی نے ٹیک اوور قوانین کی خلاف ورزیوں سے متعلق 27 کیسز کو حل کیا، جرمانے کے ساتھ اصلاح کے لیے ریگولیٹری ہدایات جاری کیں۔ انشورنس سیکٹر میں 14 کیسز کے فیصلے ہوئے، جہاں ری انشورنس کے انتظامات، سالونسی کی حد، اور انشورنس گارنٹی کے لیے کولیٹرل کی شرائط پوری نہ کرنے پر انشورنس کمپنیوں پر جرمانے عائد کیے گئے۔

غیر لسٹڈ سیکٹر میں بھی اپنی کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے، ایس ای سی پی نے لازمی قانونی تقاضوں کی خلاف ورزی پر 679 جرمانے عائد کیے۔ تعمیلی رویہ فروغ دینے کے اپنے مقصد کے تحت، ایس ای سی پی نے 682 کیسز بغیر کسی مالی جرمانے کے بند کر دیے، کیونکہ ان میں خلاف ورزیاں دور کر دی گئی تھیں۔

ایس ای سی پی عوام، اقلیتی شیئر ہولڈرز، یونٹ ہولڈرز، پالیسی ہولڈرز اور قرض دہندگان کے مفادات کے تحفظ کے لیے اپنے قوانین پر مؤثر عمل درآمد جاری رکھے ہوئے ہے۔ جیسے جیسے مالیاتی شعبہ ترقی کر رہا ہے، ایس ای سی پی اپنے ریگولیٹری طریقہ کار کو مزید بہتر بنائے گا تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے ایک منصفانہ اور محفوظ مارکیٹ یقینی بنائی جا سکے۔